# Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

## گزشتہ ایک سال سے جیل میں ناحق قید رہنما تحریک انصاف و سابق وزیر ڈاکٹر یاسمین راشد کی جیل میں طبیعت خرابی کا معاملہ

پاکستان تحریک انصاف کا ڈاکٹر یاسمین راشد کی دورانِ قید صحت کی خرابی پر نہایت تشویش کا اظہار

ایک عمر رسیدہ خاتون سیاستدان کو جھوٹے مقدمات کی آڑ میں ایک سال سے شدید جسمانی اور ذہنی اذیت سے دوچار کرنا بدترین سیاسی انتقام کا واضح ثبوت ہے،

ایک طبّی ماہر کی حیثیت سے قوم کی خدمت کرنے والی معتبر خاتون کے ساتھ اس انسانیت سوز سلوک سیاست کے چہرے پر ایک بدنما دھبہ ہے،

ایک جعلی وزیر اعلیٰ کی انا کی تسکین کیلئے ڈاکٹر یاسمین راشد سمیت دیگر خواتین بالخصوص صنم جاوید اور عالیہ حمزہ کو گزشتہ ایک سال سے نشانہ انتقام بنایا جارہا ہے،

ان خواتین کو بغیر کسی ثبوت کے جھوٹے مقدمات میں غیر معینہ مدت تک جیل میں رکھنا، ضمانتوں کے باوجود رہا نہ کرنا اور ٹرائل کی کارروائی آگے نہ بڑھانا بنیادی حقوق کی سنگین خلاف ورزی ہے،

منصوبہ سازوں کی جانب سے خواتین کو توہین، تضحیک، تشدد اور جبری قید کا نشانہ بنانے کا مقصد انہیں حوصلہ شکنی کے ذریعے سیاسی عمل سے باہر رکھنا ہے،

عمران خان اور تحریک انصاف کی بدولت پاکستانی خواتین کا قومی سیاست میں بھرپور اور مثبت کردار سامنے آیا،

تڈاکٹر یاسمین راشد کی صحت کے حوالے سے کسی بھی ناخوشگوار واقعے کی ذمہ دار ٹک ٹاکر وزیر اعلیٰ ہوں گی،

ڈاکٹر یاسمین راشد سمیت جھوٹے مقدمات میں قید تحریک انصاف کی دیگر خواتین کو فوراً رہا کیا جائے،

ترجمان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ